معلوماتی پرچہ

# کمیونٹی فارماسسٹ پائلٹ پراجیکٹ - اکثر پوچھے جانے والے سوالات

## پیشاب کے نظام میں انفیکشن (UTI) سے کیا مراد ہے؟

UTI سے مراد پیشاب کے نظام کے کسی بھی حصے میں انفیکشن ہے۔ پیشاب کے نظام میں بالعموم دو گردے اور یوریٹرز کہلانے والی دو ٹیوبیں شامل ہوتی ہیں جو گردوں کو مثانے سے ملاتی ہیں۔ مثانے سے آگے یوریتھرا(پیشاب کی نالی) کہلانے والی ایک اور ٹیوب پیشاب کو جسم سے باہر نکالتی ہے۔

عام طور پر انفیکشن مثانے میں ہوتا ہے (cystitis) لیکن انفیکشن یوریتھرا(urethritis) یا گردوں (pyelonephritis) میں بھی ہو سکتا ہے یا ایک سے زیادہ حصوں میں بیک وقت انفیکشن ہو سکتا ہے۔

گردوں کے انفیکشن کے لیے ڈاکٹر یا نرس پریکٹیشنر کی جانچ ضروری ہوتی ہے۔

**UTIs کے متعلق مزید معلومات کے لیے healthdirect دیکھیں**۔

## UTI کی علامات کیا ہیں؟

UTI کی علامات میں یہ شامل ہو سکتی ہیں:

- پیشاب کرتے ہوئے جلن یا چبھن (تکلیف)
- زیادہ بار پیشاب آنا اور/یا پیشاب کی شدید حاجت ہونا
- مثانے کے گرد حصے (ناف سے نیچے، پیٹ کے نچلے حصے میں) میں درد

**UTIs کے متعلق مزید معلومات کے لیے healthdirect دیکھیں**۔

## غیر پیچیدہ اور پیچیدہ UTI کے درمیان کیا فرق ہے؟

پیشاب کے نظام میں غیر پیچیدہ انفیکشن عام طور پر خواتین اور نسوانی بائیولوجی رکھنے والوں کو ہوتا ہے، جو بالعموم صحتمند ہوں، جو حاملہ نہ ہوں اور جن کے پیشاب کے نظام میں کوئی ابنارمل صورتحال یا بندش نہ ہو۔ غیر پیچیدہ انفیکشن پیشاب کے نظام کے نچلے حصے (یوریتھرا اور مثانے) میں ہوتا ہے۔

اگر فارماسسٹ کے خیال میں انفیکشن پیچیدہ ہو سکتا ہو تو مریض کو علاج کے لیے ڈاکٹر کے پاس بھیجا جائے گا۔

## کیا میں اپنی مقامی فارمیسی سے مدد لینے کے لیے اہل ہوں؟

فارمیسی میں UTI کا علاج انہی صورتوں میں کروایا جا سکتا ہے کہ:

- آپ خاتون ہوں (یا نسوانی بائیولوجی رکھتے ہوں)
- آپ کی عمر 18 اور 65 سال کے درمیان ہو (18 سالہ اور 65 سالہ لوگوں کو ملا کر)
- آپ میں ایسی علامات ہوں جو غیر پیچیدہ UTI کی علامات لگتی ہوں، اور ان میں یہ شامل ہو سکتی ہیں:

- پیشاب کرتے ہوئے جلن یا چبھن (تکلیف)، یا
- بار بار پیشاب آنا یا پیشاب کی شدید حاجت
- مثانے کے گرد حصے ( پیٹ کے نچلے حصے میں ، ناف سے نیچے) میں درد

اگر آپ کو اپنی زبان میں مدد کی ضرورت ہے تو فارماسسٹ کو بتائیں کہ آپ کو انٹرپریٹر (زبانی مترجم) چاہیے۔

## مجھے ایسا فارماسسٹ کہاں سے مل سکتا ہے جو پائلٹ پراجیکٹ میں شریک ہو؟

شریک فارمیسیوں کے متعلق معلومات ڈیپارٹمنٹ آف ہیلتھ کی ویب سائیٹ پر موجود ہیں۔ شاید آپ اپنی مقامی فارمیسی کو پہلے فون کر کے پوچھنا چاہیں کہ آیا وہ یہ سروس فراہم کرتے ہیں۔ اگر فارمیسی یہ سروس فراہم نہ کرتی ہو تو وہ آپ کو دوسرے معالجوں کے متعلق رہنمائی دے گی۔

## اگر میں اپنی مقامی فارمیسی سے مدد لینے کے لیے اہل نہ ہوں تو؟

ممکن ہے، آپ کا فارماسسٹ کو آپ کو ڈاکٹر (جی پی) یا کسی اور ہیلتھ کیئر پروفیشنل کے پاس بھیجے تاکہ آپ کا درست وقت پر درست علاج یقینی ہو۔ ہنگامی صورتحال میں فارماسسٹ آپ کو ایمرجنسی ڈیپارٹمنٹ میں بھی بھیج سکتا ہے۔

## میری مقامی فارمیسی UTIs کے لیے اینٹی بائیوٹکس نہیں دے سکتی - کیوں نہیں؟

اس پائلٹ پراجیکٹ میں فارماسسٹس کی شرکت ان کی مرضی پر منحصر ہے۔ اس لیے سب فارماسسٹ مشورہ یا علاج فراہم نہیں کریں گے۔

یہ سروس دینے کے لیے یہ بھی ضروری ہے کہ فارماسسٹس پہلے مناسب تربیت مکمل کریں۔

اس آزمائشی منصوبے سے الگ، فارماسسٹ UTIs کے لیے درد کی دوائیوں کے متعلق مشورہ دے سکتے ہیں اور ضرورت پڑنے پر مناسب ریفرل دے سکتے ہیں۔

## کیا فارماسسٹس دوائیاں نسخے پر دینے کی کوالیفیکیشن رکھتے ہیں؟ کیا انہیں لوگوں کی مدد کرنے کے لیے مناسب تربیت حاصل ہوتی ہے؟

آزمائشی منصوبے میں شریک فارماسسٹس نے UTIs کے لیے دوائیاں دینے کی اضافی تربیت حاصل کی ہے۔

شریک فارماسسٹس کو یہ رہنمائی اور اصول فراہم کیے جائیں گے کہ کن لوگوں کو وہ علاج فراہم کر سکتے ہیں اور کن لوگوں کو ان کے ڈاکٹر (جی پی) یا ایمرجنسی ڈیپارٹمنٹ کے پاس بھیجنا ضروری ہے۔

## پائلٹ پراجیکٹ تسمانیہ میں کیوں چلایا جا رہا ہے؟

بعض مسائل کے لیے فارماسسٹس کے دوائیاں تجویز کرنے سے لوگوں کو جلد علاج مہیا ہو سکتا ہے اور علامات اور تکلیف کم کرنے میں مدد مل سکتی ہے اور یہ یقینی بنانا بھی اہم ہے کہ افراد اور آبادی کے لیے خطرات اور فوائد میں توازن ہو۔ اس وقت آسٹریلیا کے دوسرے حصوں میں آزمائشی اور پائلٹ پراجیکٹس چل رہے ہیں۔

## یہ پائلٹ پراجیکٹ کتنا عرصہ چلے گا؟

پائلٹ پراجیکٹ 12 مہینے چلے گا۔ پائلٹ پراجیکٹ کے اختتام کے قریب ڈیپارٹمنٹ آف ہیلتھ اور تسمانین گورنمنٹ کے لیے ایک رپورٹ تیار کی جائے گی تاکہ وہ اس سروس کی مسلسل فراہمی پر غور کریں۔

## میں اس پائلٹ پراجیکٹ کے حوالے سے اپنی حفاظت یا دیکھ بھال کے متعلق تشویش کی رپورٹ کیسے کروں؟

آپ کا فارماسسٹ آپ کے ساتھ بغرض علاج ملاقات میں آپ کو ایک معلوماتی پرچہ دے گا۔ آپ اپنی تشویش کا اظہار فارمیسی سے کر سکتے ہیں۔ اگر آپ ان کے جواب سے خوش نہ ہوں یا اگر آپ کو براہ راست فارمیسی سے رابطہ کرنا نامناسب لگتا ہو تو آپ AHPRA یا تسمانین ہیلتھ کمپلینٹس کمیشنر (Tasmanian Health Complaints Commissioner) کو رپورٹ کر سکتے ہیں۔

## اگر میں پائلٹ پراجیکٹ میں حصہ لوں تو مجھے کونسی ذاتی تفصیلات دینی ہوں گی؟ ان تفصیلات کو کیسے استعمال کیا جائے گا

فارماسسٹ سے علاج حاصل کرنے کے لیے آپ کو اپنا نام، تاریخ پیدائش، رابطہ تفصیلات اور اگر آپ کا کوئی ڈاکٹر (جی پی) ہو تو اس کا نام بتانا ہو گا۔

پائلٹ پراجیکٹ میں حصہ لینا اور فارماسسٹ سے ملاقات کے بعد تقریباً سات دنوں کے اندر اپنی مرضی سے مکمل کیے جانے والے ڈیپارٹمنٹ آف ہیلتھ کے فالو اپ سروے کا جواب دینا تبھی ممکن ہے جب آپ رضامندی دیں۔

پائلٹ پراجیکٹ کے متعلق رپورٹوں میں معلومات ایسے پیش کی جائیں گی کہ آپ کو پہچانا نہ جا سکے۔

آپ کی دی ہوئی معلومات کو آپ کا فارماسسٹ اور ڈیپارٹمنٹ آف ہیلتھ بحفاظت رکھیں گے۔

## میری اسیسمنٹ (جائزے) اور علاج پر کتنا خرچ اٹھے گا؟

آپ کو جن دوائیوں کا مشورہ دیا جائے، ان کی قیمت لی جائے گی۔ کنسلٹیشن فیس بھی ہو گی۔ فارماسسٹ آپ کی اسیسمنٹ سے پہلے ممکنہ اخراجات کے متعلق معلومات دے گا۔